# دیدارحرم کی خاطر بے تاب آنکھیں

محمد شاہنواز

موسم حج کی رونقیں انتہائی دلفریب اور پرکشش ہوتی ہیں، جسے ایک بار حج کی سعادت نصیب ہوجائے اسے بار بار یہ سعادت ملنے کی تمنا رہتی ہے۔ حرمین شریفین اور مقامات مقدسہ کی زیارتیں انسانی دلوں کی دنیا میں ایمانی ہلچل پیدا کردیتی ہیں۔ جن کے اثرات انسانی اعضاء وجوارح سے نظر آتے ہیں۔ اس لئے کہ حرمین شریفین کی زیارت نصیب ہونے سے قبل ان دیدہ زیب مناظر کو کتاب کے اوراق میں محسوس کیا تھا لیکن اب اپنی حقیقی نگاہوں سے یہاں ایک ایک چیز کا بغور مشاہدہ ہو رہا ہے، اپنے مطالعہ کو حقیقت کا جامہ پہنارہا ہے۔ اپنے تخیلات کو حقائق میں بدل رہا ہے اس لئے کہ پوری تاریخ اسلامی، سیرت کے مضامین کا محور و مرکز یہ دونوں شہر ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے لیکر رسالت ونبوت کی تمام باتیں انہی شہروں کے چپے چپے اور گلی کوچے سے جڑی ہوئی ہیں۔ سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا قاری دوران مطالعہ حد درجہ انہماک وتوجہ سے داستان اسلام کے ایک ایک منظر کو پردہ سیمی پر نظر آنے والا منظر کی طرح محسوس کرتا ہے۔ یہ منظر اس قدر صاف وشفاف ہے کہ ذرہ برابر بھی دھندلا پن نظر نہیں آتا۔ اس طرح واقعہ کی ایک کڑی دوسری کڑی سے باہم متصل ہونے کے سبب ذوق مطالعہ مزید پروان چڑھنے لگتا ہے جہاں پہنچ کر اسے دنیا کے تمام مناظر بے رنگ اور پھیکے نظر آتے ہیں۔

بلاد حرم میں قدم رنجہ ہوتے ہی خانہ کعبہ کی عظمت اور ذات باری تعالی کے جلال وجبروت کا شدت سے احساس ہونے لگتا ہے، ہر اٹھنے والا قدم بے تابی کے ساتھ دیدار بیت اللہ کے لئے لرزہ بر اندام ہے۔ ایک طرف کعبہ کی پرنور فضا دیکھنے کی تڑپ ہے تو دوسری طرف اس کی حرمت وتقدس کا پاس و لحاظ ہے۔ قلب و ذہن میں ایک ہنگامہ سا بپا ہے، قرآن مقدس کی آیتیں جن میں کعبۃ اللہ کی شان وتکریم کا بیان ہے لبوں سے جاری ہونے لگتی ہیں، اس کے معانی ومطالب کی ترسیل ہونے لگتی ہیں۔ ایمان کا پارا حد درجہ بلند ہونے لگتا ہے۔ جس میں قرآن کریم آیتیں مہمیز کا کام کرتی ہیں۔ اس لئے کہ قرآن کریم اللہ تعالی کی زبان ہے، جس کے بارے میں ذرہ برابر شک و شبہ نہیں ہے اور جب قرآن مقدس کہتا ہے کہ دنیا کا سب سے پہلا گھر جسے لوگوں کی منفعت کے لئے تعمیر کیا گیا ہے وہ مکہ میں ہے جو انتہائی بابرکت اور ہدایت سے معمور ہے۔ اس مبارک سفر کے مسافر کو سیدنا ابراہیم واسماعیل علیہم السلام کی باتیں قران کریم کی روشنی میں یاد آنے لگتی ہیں۔ ایک طرف حضرت ابراہیم کی پیرانہ سالی میں اللہ سے نیک صالح اولاد کی دعاومناجات کا تذکرہ چھڑا ہوا ہے تو دوسری طرف لق و دق صحراء و بے آب گیاہ وادی میں حضرت ہاجرہ علیہا السلام کے ساتھ ننھے اسماعیل علیہ السلام کی بامشقت ہجرت کی یادیں تازہ ہورہی ہیں۔

تقریر وتحریر کی باتیں اس قدر اثر انگیز نہیں ہوتیں جس قدر ان مقامات کی زیارت سے واقعات کی سچائیاں دل میں جگہ بناتی ہیں۔ آج سے ساڑھے چودہ سو سال قبل کے مناظر کتنے حیران کن ہوں گے۔ جہاں جدید اسباب ووسائل نام کی کوئی چیز نہیں تھی، آسائش اور آسودہ حالی کا فقدان تھا۔ پہاڑوں کے بیچ پتھریلی اور ریتیلی زمین میں رہن سہن بہت ہی دشوار گزار تھا۔ سورج کی تپش اس قدر تیز کہ زیادہ دیر تک دھوپ کی شدت کو برداشت نہیں کر سکتے، زمین کی سطح اس قدر گرم کہ ننگے پیر دس قدم چل نہیں سکتے، دور دور تک نہ ہریالی تھی اور نہ پانی کا نظم تھا، چاروں طرف آسمان سے باتیں کرنے والے پہاڑ سینہ تان کر کھڑے تھے۔ کھجور کی پتیوں کا آشیانہ تھا، اونٹوں کے کجاوے پر تجارت کی منڈی تھی، یہی اونٹ سیر و سیاحت کے عظیم ترین سواری تھے۔ زراعت و کاشت کاری اور صنعت وحرفت سے عاری شہر میں انسانی زندگی مشکلات کا سامنا کررہی تھیں۔ آج جبکہ یہ خطہ ترقی کے میدان میں کافی حد تک سبقت کر چکا ہے، جدید اسباب ووسائل کی ریل پیل ہے۔ لیکن آب وہوا آج بھی بدستور قائم ہے۔ دھوپ کی شدت میں کوئی فرق واقع نہیں ہوا ہے، چاروں طرف پہاڑوں کی موجودگی سے دھوپ کی شدت و حدت میں مزید تپش وجلن کا احساس پایا جاتا ہے، کسی انسان کے بس میں نہیں ہے کہ کھلی جگہ میں آٹھ دس قدم ننگے پاؤں چل کر دکھادے۔ یہیں سے اس بات کا احساس بھی ہوا کہ اسلام کے دور آغاز میں غلاموں کے قبول اسلام پر ان کے مالک گرم گرم پتھروں پر لیٹا کر انہیں سزائیں دیتے تھے، ٹھیک دوپہر کے وقت تپتی ہوئی ریتیلی زمین پر لٹا کر سینوں میں وزنی پتھر رکھ کر انہیں گھسیٹ تے تھے۔ پھر یہ بھی خیال آیا کہ ان کا جسم بھی ہماری طرح چمڑے اور گوشت و پوست کا تھا، انہیں بھی شدید تکلیف ہوتی تھی، ان کے جسم سے چمڑے پگھل جاتے تھے، بدن زخمی ہوجاتا تھا لیکن ان کے دلوں میں موجود چٹان جیسا ایمان کی صلابت کے سامنے کفار مکہ کی اذیتیں ہیچ ثابت ہوگئی تھیں، ان کے فولادی ایمانی طاقت وقوت کے سامنے عرب کے عظیم قامت پہاڑوں کو ترس آیا تھا، سورج کی تپش سے گرم پتھروں پر پگھلتے ہوئے جسم پر سورج کی آنکھیں نم ہوگئی تھیں، ریت کے گرم ذرات بھی غمزدہ تھے، لیکن ایمان کے دشمن کفار مکہ انتہائی سنگ دل تھے انہیں ذرہ برابر بھی فرق نہیں پڑا، بلکہ کمزور صحابہ کے جسموں کو ظلم وستم کا تختۂ مشق بناتے ہوئے انہیں لذت و لطف کا سامان فراہم ہوتا تھا۔

رفتہ رفتہ منزل قریب ہوتی گئی، بیت اللہ کی دوریاں کم ہوتی گئیں، زباں سے تلبیہ کی آواز بلند ہونے لگی، ساری دنیا سے کٹ کر بس ایک ہی دھن ہے، ایک ہی فکر ہے کہ کعبۃ اللہ پر پہلی نگاہ پڑتے ہی سعادت مندی کا شرف ملے گا، جس کعبہ کی زیارت کی برسوں سے امیدیں تھیں وہ حقیقت میں بدل جائیں گی، دل کو فرحت وخوشی کا سامان میسر ہوگا اور کعبہ پر گہری نظریں جماتے ہوئے مالک حقیقی سے دعا ومناجات کا سلسلہ شروع ہوگا۔ یقیناً جب یہ کعبہ کا نورانی منظر نگاہوں کے سامنے ہو اور عازمین کی ایک بڑی تعداد ننگے سر ننگے پاؤں دیوانہ وار کعبہ کے چاروں طرف طواف کرتے نظر آئیں تو یہاں دل کی کیفیت بدل جاتی ہے، کچھ دیر کے لئے یقین نہیں ہوتا کہ واقعی یہ منظر حقیقت پر مبنی ہے یا پھر کوئی خواب ہے؟ لیکن جب اپنے وجود کو کعبہ کے پاس محسوس کرنے لگا تو یقین ہوا کہ یہ حقیقت ہے کوئی خواب وخیال نہیں ہے، پھر کیا تھا مارے خوشی کے آنکھیں اشک بار ہوگئیں اور کعبہ کی ہیبت و جبروت کے سامنے جسم میں لرزاہٹ تاری ہوگئی، کچھ دیر کے لئے ایک ہی جگہ کھڑے ہوکر دیدار کعبہ کا شرف حاصل کرتا رہا اور ٹک ٹکی باندھے نگاہوں سے جی بھر کر کعبہ کی زیارت میں کھو گیا۔ وہ ساری دعائیں جو بروقت یاد آتی گئیں مانگتا رہا اور اپنے گناہوں پر ندامت کے آنسو بہاتا رہا۔



اگر عازمین حج پہلے ہی سے سیرت کی کتابوں میں حرمین شریفین کی ایک ایک چیزوں کو اپنے قلب ونظر میں بسالیا ہے تو پھر انہیں یہاں کوئی چیز نئی معلوم نہیں ہوتی، بلکہ اپنی معلومات پر حقیقت کا مہر لگنا شروع ہوجاتا ہے۔ اب تک جو چیزیں معنوی طور پر محسوس کی جاتی تھیں اب وہ حسی طور پر نظر آنے لگتی ہیں۔ دیدار حرم کا مسافر کبھی اپنی نظروں کو کعبہ کی ساخت و بناوٹ پر جماتا ہے، کبھی رکن یمانی کی زیارت کرتا ہے تو کبھی میزاب رحمت، ملتزم، حجر اسود اور غلاف کعبہ کو بہ نظر غائر دیکھتا ہے، بار بار زیارت کرتا ہے پھر بھی زیارت کی خواہش ماند نہیں پڑتی ہے، ان چیزوں کو دیکھنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالی سے اپنے قلبی لگاؤ اور تعلق کو مضبوط بھی کرتا جاتا ہے، اس لئے کہ یہاں ہر ایک چیز بدیہی صورت میں نظر آتی ہے، ہر ایک شئی کی فضیلت اسے پہلے سے معلوم ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ اپنے طواف کے دوران انہیں دنیا جہان کی کوئی بات یاد نہیں آتی بلکہ خالق حقیقی سے اپنے تعلق کو استوار کرتے ہوئے صرف تسبیح وتحمید اور تہلیل میں اپنی زبان کو مشغول منہمک رکھتا ہے۔ چلتے چلتے جب مقام ابراہیم کے قریب پہنچتا ہے تو آنکھیں مزید اشک بار ہوجاتی ہیں، پھر وہ قرآن کریم کی آیتوں کے معنی و مطلب میں کھو جاتا ہے کہ مقام ابراہیم تو ایک واضح نشانی ہے، اس کے سامنے نماز ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ یقیناً اتنی بڑی نشانی کو جب وہ قریب سے دیکھتا ہے تو پاتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قدموں کے نشانات واضح طور پر نظر آتے ہیں۔ یہاں کچھ دیر کے لئے رک کر یاد الہی میں پوری طرح ڈوب جاتا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اسے بہت بڑی سعادت ونیک بختی کا تمغہ ہاتھ لگ چکا ہو۔

اب یہاں سے اس کا رخ مسعیٰ یعنی صفا ومروہ کی جانب ہے، جس کے بارے میں قرآن کریم میں ارشاد ربانی موجود ہے" بلاشبہ صفا ومروہ اللہ تعالی کی نشانیوں میں سے ہیں" یہاں پہنچنے کے بعد ننھے اسماعیل علیہ السلام اور حضرت ہاجرہ علیہا السلام کی تاریخ ساز ادائیں یاد آنے لگتی ہیں۔ جہاں محض اللہ تعالی کی رضا کی خاطر ان دونوں پہاڑیوں کے مابین حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے اہل و عیال کو چھوڑا تھا، جہاں آب و دانہ نام کی کوئی چیز نہیں تھی، جب ننھے اسماعیل کا حلق پیاس کی شدت سے خشک ہورہا تھا اس وقت ماں کی ممتا بہت زیادہ بے چین ہوتی تھی اور اسی تڑپ و بے چینی کے عالم میں صفا ومروہ کے مابین پانی کی تلاش وجستجو میں چکر لگا رہی تھی، اس طرح آپ نے تقریباً سات چکر لگایا، یہ ادائیں اللہ تعالی کو اتنی پسند آئیں کہ رہتی دنیا کے لئے ان اداؤں کو یادگار بنادیا اور بدلے میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کے لئے زمزم کا چشمہ جاری کرا دیا۔ جسے بابرکت پانی قرار دیا گیا، جس کے پینے میں آسودگی و سیرابی دونوں ہیں۔ دوران طواف وسعی صرف اسی پانی پر اکتفاء کیا جائے تو کافی ہے۔ یہی وہ پانی ہے جس کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ بابرکت پانی ہے۔

جب حج کے دن شروع ہوتے ہی آٹھویں ذی الحجہ کو حاجیوں کا قافلہ منی کی طرف روانہ ہوتا ہے تو یہ منظر بھی انتہائی دلفریب ہوتا ہے، انہیں نہ تو دھوپ کی پرواہ ہے نہ ہی راستے کی صعوبتوں کی فکر، بس ایک ہی دھن میں اللہ کا ذکر کرتے کرتے سنت براہیمی کی یاد تازہ کرتے چلے جاتے ہیں۔ وادی منی جہاں دور دور تک صرف خیمے ہی نظر آتے ہیں، جن خیموں میں اللہ کے مہمان پناہ گزیں ہوکر حج کی ادائیگی کرتے ہیں، اس وادی سے سنت براہیمی کی یادیں خوب خوب وابستہ ہیں۔ یہاں سے نویں ذی الحجہ کی صبح میدان عرفات کے لئے روانگی، یہی وہ میدان ہے جہاں مسجد نمرہ میں ظہر وعصر کی جمع تقدیم کی جاتی ہیں، اور غروب کے وقت مزدلفہ کے لئے روانگی، پھر یہاں مغرب وعشاء کی جمع تاخیر کرنے کے بعد آرام سے شب باشی پھر فجر کی نماز ادا کروا پس منی کی طرف روانگی، اس کے بعد بڑے شیطان کو کنکری مار کر قربانی کا عمل انجام دیا جاتا ہے پھر حلق یا قصر کرتے ہوئے طواف زیارت کے لئے روانگی ہوتی ہے۔ مسلسل گیارہ، بارہ ذوالحجہ کی راتوں میں وادی منی میں قیام اور دن میں تینوں جمرات کو رمی کرتے ہوئے حج کے ارکان مکمل کئے جاتے ہیں۔

ان مقامات میں ایک ایک عمل کی ادائیگی کے وقت قلبی سکون فراہم ہوتا ہے، سخت گرمی کے باوجود مسجد نمرہ کا قصد کرنا اپنے آپ میں ایک جوکھم بھرا عمل ہے، لیکن شوق محبت کچھ ایسی چیز ہے جس کے سامنے دھوپ کی تمازت ذرہ برابر رخنہ نہیں ڈال پاتی ہے۔ ان نگاہوں نے دیکھا کہ کتنے عازمین دھوپ کی شدت برداشت نہ کرنے کی وجہ سے جاں بحق ہوگئے اور ابدی سعادت کا پروانہ حاصل کر لئے۔ اسی طرح جب ایک حاجی شیطان کو کنکر مارنے کا قصد کرتا ہے تو اس وقت اس کے سامنے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ملعون شیطان کے مابین ہوئی باتیں یاد آتی ہیں جس کے سبب مارے تیش کے شیطان کو زور سے کنکریاں مارتا ہے۔ ایک ایک کنکر مارنے میں یہ بات ذہن نشیں ہوتی ہے کہ یہی وہ مردود ہے جس نے باپ بیٹے کو اپنے امتحان میں کامیاب ہونے سے روکنے کی کوششیں کی تھی۔ وہیں دوسری طرف عظیم باپ بیٹے کی عظیم قربانی سے متعلق قرآن کریم میں موجود آیتیں زباں سے جاری ہونے لگتی ہیں، جس میں ایک باپ اپنے لخت جگر سے کہتے ہیں کہ" بیٹا میں نے خواب میں تجھے ذبح کرتے ہوئے دیکھا ہے، بتاؤ تمہاری کیا رای ہے؟" اس عظیم باپ کے سوال پر عظیم بیٹا کا جواب بھی کتنا نرالہ ہے کہ" اے ابوجان آپ کو جو حکم ہے کر گذریئے، یقیناً آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے"۔ بس یہی ادائیں اللہ تعالی کو بے حد پسند آئیں اور اس نے حضرت ابراہیم کو آواز دی کہ اے ابراہیم تم نے اپنا خواب سچ کر دکھایا۔ سکھائے کس نے اسماعیل کو آداب فرزندی۔۔۔





# ابراہیم علیہ السلام کی کہانی، قرآن کی زبانی



فہیم اختر۔ لندن


قرآن میں ابراہیم علیہ اسلام کے حوالے سے 73 باران کاذکر آیا ہے اور درجنوں قصے بیان کئے گئے ہیں۔ قرآن کریم نے ابراہیم علیہ السلام کی حکمت، بہادری، اللہ سے محبت اور انسانی ترقی کی لگن کے بارے میں ان کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کی زندگی اور جذبہ قربانی اللہ سے محبت کا سب سے عمدہ مثال پیش کرتی ہے۔ جس میں انہوں نے ایک خدا کو ماننے کی بات کہی تھی اور بت پرستی کو مسترد کیا تھا۔ ان باتوں کے علاوہ ابراہیم علیہ السلام کو اپنے پیارے بیٹے کی جان اللہ کی راہ میں قربان کرنے کی ہدایت بھی ایک بہترین مثال ہے۔

ابراہیم علیہ السلام کی پیدائش آج سے 4000 سال قبل آج کے ملک عراق میں ہوئی تھی۔ اس سے قبل اس علاقے کا نام چالڈین سلطنت کے نام سے جانا جاتا تھا۔ جہاں اُور کے مقام پر ان کی پرورش ہوئی تھی جو کہ آج کل عراق کا شہر موصل کہلاتا ہے۔ اس شہر کے لوگ ان دنوں سورج، چاند اور ستاروں کی عبادت کرتے تھے اور وہ اس بات پر یقین کرتے تھے کہ انسانی منزل پر مرحومین کے جسم کا اچھا خاصا اثر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ لکڑی، پتھر اور کسی بھی دھات کے بنے ہوئے مورتی کی بھی عبادت کرتے تھے۔ یہ ساری چیزیں لوگوں کے گھروں میں خدا کا درجہ رکھتے تھے اور لوگ ان چیزوں کی روزانہ عبادت کرتے اور یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ ان کے خاندان اور شہر میں اچھی صحت اور قسمت کو سنوارنے کا یہ بہترین ذریعہ ہے۔

ابراہیم علیہ السلام کے توحید کے پیغام کو ان کے گھر والوں نے مسترد کردیا تھا۔ اس کے باوجود انہوں نے خاندان والوں کا خیال نہ چھوڑا اور نہ ہی ان کی عزت میں کوئی کمی آنے دی۔ جوانی کے دنوں سے ابراہیم علیہ السلام نے ایک خدا کا تصور برقرار رکھا تھا اور ہمیشہ بت پرستی کو مسترد کیا تھا۔ دراصل قرآن کریم اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ کس طرح ابراہیم علیہ السلام نے اپنے والد، خاندان والوں اور اپنے ارد گرد لوگوں کو چیلنج کیا تھا اور یہی نہیں انہوں نے نمرود بادشاہ سے بھی بت پرستی پر بحث کی تھی۔ اس حوالے سے قرآن کے سورۃ البقرۃ :258 آیت میں اللہ نے فرمایا کہ (اے حبیب!) کیا آپ نے اس شخص کو نہیں دیکھا جو اس وجہ سے کہ اللہ نے اسے سلطنت دی تھی ابراہیم (علیہ السلام) سے (خود) اپنے رب (ہی) کے بارے میں جھگڑا کرنے لگا۔ جب ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: میرا رب وہ ہے جو زندہ (بھی) کرتا ہے اور مارتا (بھی) ہے۔ تو (جواباً) کہنے لگا: میں (بھی) زندہ کرتا ہوں اور مارتا ہوں۔ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: بیشک اللہ سورج کو مشرق کی طرف سے نکالتا ہے تو اسے مغرب کی طرف سے نکال لا! سو وہ کافر دہشت زدہ ہوگیا۔ اور اللہ ظالم قوم کو حق کی راہ نہیں دکھاتا۔

بت پرستوں کو ابراہیم (علیہ السلام) کے ایک خدا کا پیغام کافی ناگوار گزرنے لگا اور انہوں نے سزا کے طور پر انہیں زندہ جلانے کا ارادہ کیا۔ قرآن کریم کے سورۃ البقرۃ: 68-66 آیات میں اس بات کا ذکر اس طرح ہے کہ ابراہیم (علیہ السلام) نے فرمایا: پھر کیا تم اللہ کو چھوڑ کر ان (مورتیوں) کو پوجتے ہو جو نہ تمہیں کچھ نفع دے سکتی ہیں اور نہ تمہیں نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ تف ہے تم پر (بھی) اور ان (بتوں) پر (بھی) جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، تو کیا تم عقل نہیں رکھتے۔ وہ بولے: اس کو جلا دو اور اپنے (تباہ حال) معبودوں کی مدد کرو اگر تم (کچھ) کرنے والے ہو۔ ہم نے فرمایا: اے آگ! تو ابراہیم (علیہ السلام) پر ٹھنڈی اور سراپا سلامتی ہو جا۔ تاہم اس کے باوجود بت پرستوں کا عقیدہ اپنی جگہ اڑا رہا اور آخر کار ابراہیم علیہ السلام عاجز آ کر اور سے اپنی بیوی، کچھ حمایتی اور اپنے ایک وفادار بھتیجے کے ہمراہ شام، مصر ہوتے ہوئے مکہ پہونچے۔ یہاں بھی ان کا ایک ہی مقصد تھا کہ ایک خدا کو ماننا اور صرف اسی کی عبادت کرنا۔

ان تمام مشکلات کے باوجود ابراہیم علیہ السلام اپنے مشن میں لگے رہیں اور ان کی عمر بھی کافی ہوگئی تھی۔ اس وقت ان کو کوئی اولاد نہیں تھا۔ انہوں نے خدا تعالیٰ سے ایک بچہ کی خواہش کی اور اس طرح اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کی دعا قبول کی اور اسماعیل دنیا میں آئے۔ اللہ نے قرآن کے سورۃ الصافات کے آیات 100-99 میں فرمایا ہے کہ پھر ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: میں (ہجرت کر کے) اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ مجھے ضرور راستہ دکھائے گا (وہ ملک شام کی طرف ہجرت فرما گئے) پھر ارض مقدس میں پہونچ کر دعا کی: اے میرے رب! صالحین میں سے مجھے ایک (فرزند) عطا فرما۔



جب ابراہیم علیہ السلام کو اللہ نے یہ خواب دکھایا کہ قربانی کرو تو انہوں نے دوسرے دن ایک سو بکروں کی قربانی کی۔ اس کے بعد پھر یہی خواب دوبارہ دیکھا تو انہوں نے اس بار ایک سو اونٹوں کی قربانی دی۔ پھر تیسری رات کو اسی طرح کا خواب ابراہیم علیہ السلام نے دیکھا تو اس بار انہوں نے کہا یا اللہ میں دو روز سے لگاتار تیرے حکم کے مطابق قربانی کر رہا ہوں تب یہ فرمان جاری ہوا کہ اب تو اپنے پیارے بیٹے اسماعیل کی قربانی کر۔

اس کے بعد ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام نے کعبہ کی تعمیر شروع کی۔ قرآن کریم کے سورۃ البقرۃ کے آیات 128-127 میں اللہ فرماتا ہے کہ اور (یاد کرو) جب ابراہیم اور اسماعیل (علیہ السلام) خانہ کعبہ کی بنیادیں اٹھا رہے تھے (تو دونوں دعا کر رہے تھے) اے ہمارے رب! تو ہم سے (یہ خدمت) قبول فرمالے۔ بیشک تو خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ اے ہمارے رب! ہم دونوں کو اپنے حکم کے سامنے جھکنے والا بنا اور ہماری اولاد سے بھی ایک امت کو خاص اپنا تابع فرمان بنا اور ہمیں ہماری عبادت (اور حج کے) قواعد بتا دے اور ہم پر (رحمت ومغفرت) کی نظر فرما۔ بیشک تو ہی بہت توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے۔

اس ہر دل عزیز قربانی سے ہمیں چار سبق حاصل ہوئیں ہیں۔ پہلا اختلاف نظر ہے: یہ درست ہے کہ ہر انسان زبان، ثقافت اور نسل کے اعتبار سے ایک دوسرے سے جداگانہ ہے۔ لیکن یہ سارے آدم اور حوا کے بچے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم سارے برابر ہیں۔ یہودی ابراہیم علیہ السلام کو اپنا باپ مانتے ہیں اور اس سے یہ پیغام ملتا ہے کہ ہم سب کو ایک ساتھ رہنا چاہیے۔ جب ہمارے پیارے نبی محمد ﷺ مدینہ تشریف لائے تو انہوں نے دیکھا کہ مدینہ میں یہودی، مشرکین اور مسلمان سب ایک ساتھ رہ رہے تھے۔ محمد ﷺ نے ایک قانونی دستاویز تیار کروائی جو صحفت المدینہ کے نام سے جانا جاتا تھا۔ یہ مدینہ کا آئین تھا جس میں حضور نے یہ لکھا کہ یہودی، مشرکین اور مسلمان ایک ساتھ رہینگے۔

دوسرا بچوں کی اچھی پرورش کرنا ہے: جب ابراہیم علیہ السلام نے اسماعیل سے پوچھا، اے اسماعیل میرے اس خواب کے بارے میں تیری کیا رائے ہے؟ تو اسماعیل نے کہا اے میرے پیارے ابا آپ وہی کیجئے جو اللہ کا حکم ہے۔ اسماعیل کی پرورش ابراہیم علیہ السلام نے خود کی تھی جن کے بارے میں قرآن نے کہا ہے کہ وہ نرم گو، پاک، خوش اخلاق اور نیک انسان تھے۔ تیسرا حوصلہ ہے: قربانی ایک حوصلہ ہے جو ہم اللہ کی راہ میں انجام دیتے ہیں۔ پیارے نبی محمد ﷺ اکثر با خطرناک حادثات سے دو چار ہوجاتے تھے لیکن وہ حالات سے کبھی گھبراتے نہیں تھے بلکہ وہ ان حالات کا مقابلہ کرتے اور صبر کرتے۔ اس کی سب سے اچھی مثال مکہ کی ہے جب بت پرستوں نے محمد ﷺ کو چیلنج کیا اور ان کے خلاف گمراہ کن باتیں کی تو ہمارے نبی نے اسے نظر انداز کیا اور ان کے ظلم کو سہتے رہیں۔ ان تمام باتوں کے باوجود پیارے نبی نے اپنا حوصلہ نہیں چھوڑا اور مکہ کے جاہل گھمنڈی بت پرستوں کے سامنے اپنا سر نہیں جھکایا۔ اور چوتھا صبر ہے: صبر نہایت ہی مشکل کام ہے۔ جس پر زیادہ تر لوگ عمل نہیں کرپاتے ہیں۔ اس کمل میں پرسکون اور حالات سے دو چار ہونا پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر اپنی باری کے جلدی آنے کا انتظار، صبح کو عبادت کے لئے جاگنا، مسجد کو عبادت کے لئے جانا، روزہ رکھنا، اور دنیاوی آرائش سے پرہیز کرنا۔

ابراہیم علیہ السلام کی اللہ کے لیے لگن اور انسانیت کی خدمت کی زندگی ایک مشعل راہ ہے۔ رب نے ان کی کاوشوں کو قبول کیا اور ان کی اولاد کی تعداد میں اضافہ کر کے انہیں اجر دیا اور ان کے مشن کو آج تک زندہ رکھا ہے۔ چار ہزار سال سے زیادہ عرصے سے ابراہیم علیہ السلام نے پوری دنیا کے لوگوں کو تحریک فراہم کی ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ قربانی کے اس عظیم واقعہ اور جذبہ کے ساتھ ہم تمام مسلمان اس پر عمل کریں اور ایک اچھے مسلمان ہونے کے ساتھ ساتھ ایک نیک اور اخلاق مند انسان بھی بنیں۔ آئیے ہم اس خوبصورت مثال کی پیروی کرنے کا عزم کریں۔

# عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی کا خاص خیال رکھنے کی تلقین

خطیب مسجد صالحہ قاسمؒ وسینئر کالم نگار مولانا محمد عبدالحفیظ اسلامی بیان جاری کرتے ہوئے تمام برادران اسلام کو عیدالاضحیٰ کی خوشیوں کے موقع پر مبارکباد پیش کی، اور کہا کہ عید قرباں اہل ایمان کے لئے سخت ابتلاء وآزمائش میں بھی؛ ہمت وحوصلہ سے رہنے اور اپنی زندگی صبر واستقلال کے ساتھ بسر کرنے اور حق کو حق سمجھ کر جس یقینی کیفیت کے ساتھ ہم نے اپنالیا ہے، اس پر پورے طور پر جم جانے کا عظیم پیغام دیتی ہے۔ مولانا اسلامی نے ملک بھر میں، قربانی کرنے والے لوگوں سے بطور خاص دردمندی کے ساتھ اپیل کی ہے کہ عیدالاضحیٰ کے دن اپنے گلی کوچوں اور محلوں میں پاکی، صفائی کا خاص خیال رکھیں اور عام راستوں میں ذبح کرنے سے اجتناب کرتے ہوئے اپنے اپنے گھروں کے سامنے خون ودیگر چیزوں کو فنائل وغیرہ استعمال کرتے ہوئے جلد سے جلد صاف کردیں انہوں نے اس بات کی تلقین بھی فرمائی کہ اسلام ہمیں پاکی کا حکم دیتا ہے لہذا ہمارے محلے اسکا مظہر ہونا بیحد ضروری ہے۔ مولانا حفیظ اسلامی نے کہا کہ شرارت پسند لوگوں بیانات وحرکات سے مشتعل ہوئے بغیر پورے صبر واستقلال واعتماد کے ساتھ برادران وطن کے ساتھ اخوت ومحبت اور بھائی چارگی کے ساتھ عید منائیں اور اپنے پڑوسی، ان غیر مسلم بھائیوں کو بھی "انکے کھانے کے لاق جانور" کے گوشت کا تحفہ پیش کریں۔ بیان کے آخر میں انہوں نے کہا کہ عید کے موقع پر اللہ کی بڑائی؛ تکبیرات کی کثرت کے ساتھ ساتھ خاص طور پر فلسطین کے مظلوموں اور اپنے ملک وریاست کی ترقی اور امن وامان کے لئے اللہ تعالی رب العزت سے جو سارے انسانوں کا اکیلا خالق ومالک ہے خوب دعائیں کریں۔

# ہماری قربانیاں روحانیت سے خالی

اسلام کی آمد سے پہلے لوگ قربانی کرکے اس کا گوشت بیت اللہ کے سامنے لا کر رکھتے اور اس کا خون بیت اللہ کی دیواروں پر لتھیر دیتے تھے، قران کریم نے بتایا کہ اللہ تعالی کو تمہارے اس گوشت اور خون کی ضرورت نہیں ہے، اس کے یہاں تو قربانی کے وہ جذبات پہنچتے ہیں جو ذبح کرتے وقت تمہارے دلوں میں موجزن ہوتے ہیں یا ہر دلوں میں ہونے چاہیے، یہ قربانی گوشت اور خون کا نام ہرگز نہیں ہے بلکہ اس حقیقت کا نام ہے کہ ہمارا سب کچھ خدا کے لئے ہے اور اسی کی راہ میں قربان ہونے کے لئے ہے، قربانی کرنے والا صرف جانور کے گلے پر ہی چھری نہیں پھیرتا بلکہ وہ ساری ناپسندیدہ خواہشات اور رسم ورواج کے گلے پر بھی چھری پھیر کر ان کو ذبح کر ڈالتا ہے، اس شعور کے بغیر جو قربانی کی جاتی ہے وہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہم السلام کی سنت نہیں، بلکہ ایک قومی رسم ہے، جس میں گوشت اور پوست کی فراوانی تو ہوتی ہے لیکن وہ تقوی ناپید ہوتا ہے جو قربانی کی اصل روح ہے ارشاد خداوندی ہے اللہ تعالی کو ان جانوروں کا گوشت اور خون ہرگز نہیں پہنچتا بلکہ اس کو تمہاری جانب سے تمہارا تقوی پہنچتا ہے خدا کی نظر میں اس قربانی کی کوئی اہمیت نہیں جس کے پیچھے تقوی اور پرہیز گاری کے جذبات نہ ہوں، خدا کے دربار میں وہی عمل مقبول ہے جس کا محرک خدا کا تقوی ہو، جو انسان کو متقی بناتا ہو، فرمان الہی ہے اللہ تعالی صرف متقیوں کا عمل ہی قبول کرتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تو اللہ تعالی کی رضا پر سب کچھ قربان کردیا تھا باپ کی محبت، قوم کا تعلق، وطن کا ساتھ، بیوی بچے، لیکن کیا ہم بھی اللہ تعالی کی رضا اور اسکے حصول کے لیے جذبات واحساسات، ذاتی مفادات اور دنیاوی رشتوں کی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں یا دے سکتے ہیں؟ صرف بکرے اور گائے کو ذبح کر لینے کرنے کو قربانی مت سمجھیے ہم سے تو قدم قدم پر اسلام قربانی کا مطالبہ کرتا ہے، ہمارا مذہب یہ قربانی کا مذہب ہے، یہ ہر قدم پر، ہر موڑ پر قربانی چاہتا ہے، میٹھی نیند کا غلبہ ہو اور اذان ہو جائے تو نیند کی قربانی کا مطالبہ، حلال وحرام کی کشمکش ہو تو مال کی قربانی کا مطالبہ، رسم ورواج اور سنتوں کا ٹکراؤ ہو تو دنیاوی تعلقات کی قربانی کا مطالبہ، میدان جہاد سے پکارا جائے تو مال وجان اور اولاد کی قربانی کا مطالبہ، مگر حقیقت یہ ہے کہ آج ہم طوعاً وکرہاً یہ قربانی ہر سال تو کر لیتے ہیں مگر کیا قربانی کا حقیقی جذبہ ہمارے اندر موجود ہے؟ حالانکہ مسلمان ہونے کا تو مطلب ہی یہ ہے کہ وہ ہر طرح کی قربانی کے لیے ہمیشہ تیار رہے

سرفراز احمد قاسمی حیدرآباد

